پریس ریلیز

منسٹر فنانس و ان لینڈ ریونیو، چوہدری قاسم مجید کی زیر صدارت محکمہ ان لینڈ ریونیو کا جائزہ اجلاس آجمورخہ 24-11-2025 کمیٹی روم بلاک نمبر 4 سولسیکرٹریٹ مظفرآباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری ان لینڈ ریونیو/چیئرمین آزاد جموں و کشمیر سنٹرل بورڈ آف ریونیو محمد رقیب خان، کمشنران لینڈ ریونیو نارتھ زون اشتیاق احمد، کمشنر ساؤتھ زون سید انصر علی کے علاوہ نارتھ اور ساؤتھ زونز کے جملہ آفیسران انلینڈ ریونیو نے شرکت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری انلینڈ ریونیو نے محکمانہ بریفنگ دی جس میں مالی سال 26-2025 کے ٹیکس اہداف وریونیو وصولی، محکمہ کی کارگردگی، درپیش مسائل اور دیگر امور زیر بحث لائے گئے۔ سیکرٹری انلینڈ ریونیو نے منعقدہ اجلاس میں بتایا کہ مالی سال 2024-25 کے دوران بے شمار مسائل اور مشکلات کے باوجود محکمہ ان لینڈ ریونیو نے دیئے گئے اہداف کو نہ صرف حاصل کیا بلکہ اس میں اضافہ کرتے ہوئے 71 ارب روپے سے زیادہ کا ٹیکس وصول کیا۔

اس موقع پر جناب منسٹر فنانس وانلینڈ ریونیو نے محکمانہ کارگردگی کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے ہدایت جاری فرمائیں کہ امسال حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ٹیکس اہداف کو نہ صرف حاصل کیا جائے بلکہ اس میں ممکنہ حد تک اضافہ بھی کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس نظام کی وصولی میں اصلاحات لائی جائیں جس سے ٹیکس گزاران کو ٹیکس ادا کرنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے اس سلسلہ میں آزاد کشمیر کے تمام سب ڈویژن کی سطح پر Tax Facilitation Centres (TFCs) کا قیام عمل میں لایا جائے اور پہلے مرحلہ میں ضلع حویلی اور ضلع کوٹلی میں ٹیکس سہولت مراکز Tax Faciliatation Centres , قائم کرنے کی ہدایت دی۔ جناب وزیر موصوف نے آزاد کشمیر کی جملہ انڈسٹریز کی فوری بحالی میں درپیش رکاوٹوں کو دور کرنے کی بھی ہدایت دی اور کہا کہ انڈسٹریل سیکٹر کی بحالی سے آزاد کشمیر کے خطہ کی نہ صرف معاشی ترقی میں اضافہ ہوگا بلکہ اس سے بے روزگاری کا خاتمہ بھی ممکن ہو سکے گا محکمہ ان لینڈ ریونیو میں اصلاحات اور ٹیکس وصولی کے جملہ شعبہ جات کو Online کرنے کی ہدایات بھی دیں جس کے لیے سنٹرل بورڈ آف ریونیو میں Digitization and IT Wing فوری قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ محکمہ کی کارگردگی بڑھانے کے لیے ہر پندرہ دن بعد میٹنگ منعقد کیے جانے کا فیصلہ کیا گیا۔